SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

***April 06, 2017***

***For immediate release***

ایس ای سی پی نے فیوچرز ایکس چینج ریگولیشنز کے مسودہ پر تجاویز طلب کر لیں

اسلام آباد (اپریل 6 ) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے حال ہی میں نافذ العمل ہونے والے فیوچر مارکیٹ ایکٹ 2016 کے تحت، فیوچر ایکس چینج (لائسنسنگ اینڈ آپریشن) ریگولیشنز 2017 کا مسودہ عوامی آراء کے لئے جاری کر دیا ہے۔

فیوچرز ایکس چینج کے مجوزہ ضوابط میں ایکس چینج کے اکثریتی شیئر ہولڈرز، ڈائریکٹرز اور سنئیر مینجمنٹ کے لئے اہلیت کے معیارات دیئے گئے ہیں اور ایکس چینج کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور سنئیر مینجمنٹ کے لئے کوڈ آف کنڈیکٹ بھی تجویز کیا گیا ہے۔۔اس کے علاوہ، مجوزہ ریگولیشنز میں فیوچرز ایکس چینج کے لئے کم از کم مالی وسائل کے اور کم از کم پچاس کروڑ روپے، اداشدہ سرمائے کی حد تجویز کی گئی ہے۔تاہم موجودہ فیوچرز ایکس چینجوں کو اداشدہ سرمائے کی مجوزہ حد کو پورا کرنے کے لئے تین سال کا وقت دینے کی تجویز دی گئی ہے۔

علاوہ ازیں، مجوزہ ریگولیشنز میں ایکس چینج کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ترتیب و تشکیل اور متعلقہ معاملات جیسا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر کی تعیناتی اور اس کی ایس ای سی پی سے منظوری، رسک کمیٹی اور چیف رسک آفیسر کے تقرر جیسے امور کے لئے بھی ہدایات دیں گئی ہیں۔ مجوزہ ریگولیشز کا مسودہ سرکاری گزٹ میں شائع کر دیا گیا اور ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر بھی فراہم کر دیا گیا ہے۔دلچسپی رکھنے والے افراد و شراکت دار ۲۱ اپریل تک اپنی تجاویز و آراء سے ایس ای سی پی کو آگاہ کر سکتے ہیں۔